قل هل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون

معلم قواعد الصرف

افادات

حضرت مولانا شیخ ڈاکٹر ندیم قریشی مدظلہ خلیفہ مجاز

پیر طریقت، رہبر شریعت محبوب العلماء

حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی مدظلہ

تحقیق و تسہیل

اساتذہ جامعہ معلم الاسلامیہ

Slide # 1

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ

﴿آپ کہہ دیجئے کیا علم والے اور جہل والے (کہیں) برابر ہوتے ہیں﴾

المعلم

رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیْرِ وَبِکَ نَسْتَعِیْنُ

یَافَتَّاحُ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

Slide # 2

بیشک ہم نے قرآن کو عربی میں بنایا تاکہ تم سمجھ سکو

مُعَلِّمُ قَوَاعِدِ الصَّرْفِ

جدید طرز پر نحو کی کتاب پڑھئے اور استعداد بنائیے

Slide # 3

مقدمہ

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے شعائر اسلام کو ظاہر کیا اور اسلام کے قوانین کو بلند کیا، انبیاء و رسل کو مبعوث کیا اور علماء کو نیابت انبیاء سے سرفراز کیا جنہوں نے بتوفیق الٰہی ہر قسم کے جلی اور دقیق علوم وفنون کو مدون کیا حالات وواقعات یکے بعد دیگرے بدلتے آرہے ہیں دورحاضر میں طلباء یہ چاہتے ہیں کہ کم از کم وقت میں آسان سے آسان طریقے سے علوم دینیہ حاصل کرلیں۔ان تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے ہم نے چاہا کہ ماڈرن ٹیکنالوجی استعمال کی جائے تاکہ دنیا میں کہیں بھی بسنے والا شخص علوم دینیہ سے محروم نہ رہے۔

چنانچہ کتب دینیہ کو آسان ترین انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے جس میں لغت، رنگ، گرافکس ٹیبلز، اصطلاحات ضروریہ اور ریکارڈڈ لیکچرز کے ذریعے درسی کتابوں کو آسان ترین بنایا گیا تاکہ طالب علم اپنی سہولت کے پیش نظر جب چاہیں ہر کتاب سے متعلّقہ ریکارڈڈ لیکچرز اور گرافکس وغیرہ سے فائدہ اٹھاسکیں۔

چونکہ یہ کام ضخیم ودقیق اور کثیر کتب پر مشتمل تھا اس لئے جامعہ نے متعدد ماہرفن اور تجربہ کار اساتذہ کو اپنی

Slide # 4

کاوشوں میں شامل کیا جنہوں نے اپنے ماہرانہ اور آسان اسلوب کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ نصاب مرتب کیا اور خاص طور پر عربی کو آسان انداز میں سمجھنے کیلئے ایک منفرد کورس ترتیب دیا ہے جو چند کتابوں پر مشتمل ہے۔

ہماری رائے یہ ہے کہ طلباء ان کتابوں کو پڑھتے ہوئے مستند علماء سے رابطہ رکھیں تاکہ فضیلت سند اور شرف تلمذ حاصل ہو۔کتاب ہذا میں ریکارڈڈ لیکچر حضرت مولانا شیخ ڈاکٹر محی الدین ندیم قریشی صاحب کی آواز میں ہے۔

ہم تمام معاونین وکمپیوٹر آپریٹرز، اساتذہ اور جامعہ کے مشکور ہیں خصوصاً مجوزہ نصاب میں کتب دینیہ کے محققین مصنفین کے جو آج ہم تک علوم دینیہ پہنچانے میں معاون بنے۔اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ سب کی کاوشوں کو قبول فرمائے۔آمین

سرپرست اعلیٰ
شیخ ڈاکٹر ندیم قریشی (غفرلہ)

منتظم اعلیٰ
مفتی عتیق الرحمٰن

Slide # 5

کتاب ہذا کا تعارف

عربی زبان پڑھنے کا مقصد قرآن وحدیث کو سمجھنا ہے اور عربی زبان کلمہ اور کلام کا مجموعہ ہے۔ بچہ جب بولنا سیکھتا ہے تو ایک ایک لفظ (یعنی مفرد کلمات) بولتا ہے جو کلام کی بنیاد ہوتے ہیں ہم نے بھی سب سے پہلی کتاب معلّم الصرف میں مفرد یعنی کلمہ کی بحث کو ذکر کیا ہے پھر جس طرح بچہ مختلف کلمات کو جوڑ کر چھوٹے چھوٹے جملے بولتا ہے یعنی کلام بناتا ہے اسی طرح ہم نے اپنی دوسری کتاب معلّم النحو میں مکمّل کلام کی بحث کو ذکر کیا ہے جس میں جملہ اسمیہ وفعلیہ کی وضاحت، اسم وفعل کی اقسام اور ان میں اعراب کی تبدیلی کو ذکر کیا ہے۔

کلمہ اور کلام سمجھنے کے بعد اسم وفعل پر اثر انداز ہونے والے (اعراب کو تبدیل کرنے والے) عوامل کی بحث کو معلّم العوامل میں ذکر کیا ہے۔ اب چونکہ ابتدائی طالبعلم کے پاس ذخیرہ الفاظ کم ہوتا ہے اور اس کی استعداد بھی ادنیٰ ہوتی ہے۔ اس لئے ہم نے صرف تین حرفی (ثلاثی مجرد) صحیح کے الفاظ سے مثالوں کو ذکر کیا ہے۔ پھر قواعد نحویہ کے اجراء کیلئے ثلاثی مجرد صحیح کے الفاظ والی احادیث کو معلّم الاجراء بالاحادیث میں ذکر کیا ہے تاکہ الفاظ کی پہچان اور استعداد بننے کے ساتھ ساتھ احادیث کے ذریعے اپنی اصلاح اور عمل کا شوق پیدا ہو۔

جب طالب علم ثلاثی مجرد صحیح کی مثالوں اور (ثلاثی مجرد صحیح والی) احادیث کو پڑھ چکا ہے تو اب مزید فیہ پڑھایا جائے تو ہم ثلاثی مزید فیہ اور رباعی کو معلّم الابواب والخاصیات میں لائے ہیں۔

Slide # 6

اس کتاب کے بعد اب طالبعلم کیلئے تعلیلی ابواب اور قواعد کو پڑھنا آسان ہے تو ہم نے تعلیلی ابواب اور قواعد کی تمام مشکل ابحاث کو معلّم قواعد الصرف میں شامل کیا ہے۔ یہ کتاب پڑھنے کے بعد چونکہ طالبعلم صرف ونحو کے اہم قواعد کو پڑھ چکا ہے تو اب ہم چاہتے ہیں کہ طالبعلم کو عربی بول چال بھی آجائے تو اس کے لئے معلّم الکلام فی العربیہ اور خاص طور پر اٹیچمنٹ سلائیڈز کو اس انداز سے ڈیزائن کیا ہے کہ پہلے صحیح کے الفاظ لائے ہیں اور پھر بعد میں تعلیلی الفاظ کو بھی تحریر کیا ہے۔

طالبعلم ان الفاظ کو آسانی کے ساتھ اسطرح یاد کرسکتا ہے کہ ہر سلائیڈ کے الفاظ کی مدد سے ایک خوبصورت کہانی بنا کر استاد کو سنائے اس طرح اٹیچمنٹ کی ایک سلائیڈ میں پائے جانے والے مختلف الفاظ کی مدد سے طلباء کے لئے عربی جملے بنانا اور بول چال کرنا آسان ہوجائے گا اور جیسا کہ پہلے ذکر کیا کہ اصل مقصد تو قرآن وحدیث کو سمجھنا ہے تو اس کورس کے آخر میں معلّم الاجراء بالقرآن میں تمام صرفی نحوی قواعد کا اجراء کروایا جاتا ہے تاکہ آیات کے اجراء کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کی سمجھ پیدا ہو۔

محترم اساتذہ کرام سے گذارش ہے کہ یہ طرز تعلیم جو طالبعلم میں تدریج بالتدریج عربی پر مہارت پیدا کرتا ہے ضرور اپنائیں اور اٹیچمنٹ سلائیڈز کو بھی ساتھ ساتھ معاون بنائیں۔ آیئے اب ہم معلّم قواعد الصرف شروع کرتے ہیں

Slide # 7

اس کتابمیں ہر گردان کے ساتھ اس کی بناء کو تفصیل کے ساتھ ٹیبلز میں دیا گیا ہےاوقواعد صرف میں خلاصہ قانون کو اہم شرائط کے ساتھ ٹیبلز اور گراف کے انداز میں پیش کیا ہے تا کہ طالب علم کیلئے سمجھنا آسان ہو۔

طوالت سے بچنے کیلئے احترازی مثالوں سے اجتناب کیا ہےاور مطابقی مثالوں کو کثرت کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

سہولت کے پیش نظر ہر پانچ قوانین کے بعد اس کے متعلّقہ صیغہ جات کو ذکر کیا ہے تا کہ طالب علم مذکورہ قوانین کی مشق کرتا رہےاورقوانین طالب علم کے ذہن میں پیوست ہو جائیں۔

ہم نے کوشش کی ہے کہ آپ کو محض قوانین رٹوانے کی بجائے متعلّقہ صیغہ جات کی تعلیل اور تغیّرات سمجھائے جائیں کیونکہ جو بات سمجھ آجاتی ہےاس کو یاد کرنا بھی آسان ہو جاتا ہے

ہم امید کرتے ہیں کہ ہماری اس کاوش سے آپ کے لئے عربی زبان کا حصول آسان اور لطف دہ تجربہ بن جائیگا اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ہمارے لئے سہل کردے۔(آمین)

Slide # 8

TOPIC NO 1.0

اصطلاحات

SUB TOPIC 1.1

ثلاثی مجرد کے چھ ابواب

عین کلمہ پر مختلف حرکات کی وجہ سے ابواب

اگر فعل ماضی اور فعل مضارع کو جمع کر کے پڑھیں تو عین کلمہ کی مختلف حرکات کی وجہ سے جو اوزان مستعمل ہیں وہ چھ ہیں اور ان کو علم الصرف کی اصطلاح میں چھ ابواب کہتے ہیں۔

آیئے (٦) ابواب کی وضاحت پڑھتے ہیں

ماضی کا وزن تین طرح استعمال ہوا ہے جیسے

فَعَلَ	فَعِلَ	فَعُلَ

اسی طرح مضارع کا وزن بھی تین طرح استعمال ہوا ہے جیسے

يَفْعَلُ	يَفْعِلُ	يَفْعُلُ

یعنی ماضی اور مضارع میں صرف عین کلمہ کی حرکت تبدیل ہوتی ہے

جب ماضی اور مضارع کا پہلا صیغہ ملا کر بولا جائے تو عین کلمہ مختلف ہونے کے

باعث ٩ (سیٹ) باب بننے چاہئیں مگر صرف ٦ مستعمل ہیں ان کو ٦ باب کہتے ہیں

اب فَعَلَ فعل ماضی سے تین مضارع ہیں فتحہ کے ساتھ جیسے فَعَلَ يَفْعَلُ

کسرہ کے ساتھ جیسے فَعَلَ يَفْعِلُ، ضمہ کے ساتھ جیسے فَعَلَ يَفْعُلُ

لہٰذا فَعَلَ فعل ماضی سے مضارع کے ٣ سیٹ بنتے ہیں ان کو تین باب کہتے ہیں

١	٢	٣
فَعَلَ يَفْعَلُ	فَعَلَ يَفْعِلُ	فَعَلَ يَفْعُلُ

اسی طرح فَعِلَ فعل ماضی سے دو مضارع ہیں

فتحہ کے ساتھ جیسے فَعِلَ یَفعَلُ ، کسرہ کے ساتھ جیسے فَعِلَ یَفعِلُ

لٰہذا فَعِلَ فعل ماضی سے مضارع کے ۲ سیٹ ہیں ان کو دو باب کہتے ہیں

۵	۴
فَعِلَ یَفعِلُ	فَعِلَ یَفعَلُ

اسی طرح فَعُلَ فعل ماضی سے ایک مضارع ہے یعنی ضمہ کے ساتھ جیسے فَعُلَ یَفعُلُ

لٰہذا فَعُلَ فعل ماضی سے مضارع کا ۱ سیٹ ہے اس کو ایک باب کہتے ہیں

٦
فَعُلَ یَفعُلُ

(یہ کل چھ سیٹ بنتے ہیں) ان کو چھ باب کہتے ہیں

SUB TOPIC 1.2

مزاج حروف کے اعتبار سے اسم اور فعل کی سات اقسام

(ہفت اقسام)

سات اقسام

اسم اور فعل کا کوئی کلمہ ان سات قسموں سے باہر نہیں ہوگا اصطلاحِ صرف میں ان کو سات اقسام کہتے ہیں۔

(General Classification Of Verbs And Nouns)

(۱) صحیح (۲) مثال (۳) اجوف (۴) ناقص (۵) مہموز (۶) لفیف (۷) مضاعف

☆ اگر فاء عین اور لام کلمہ کے مقابلے میں کوئی حرف علت، ہمزہ اور تضعیف (دو حرف ایک جیسے) نہ ہوں تو اسے صحیح کہتے ہیں جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ

☆ اگر فاء عین اور لام کلمہ کے مقابلے میں کوئی حرف علت ہو تو اس کی درج ذیل اقسام ہیں

مثال اجوف اور ناقص

Sub Topic 1.2	ہفت اقسام	Slide # 15	اصطلاحات	Topic 1.0

☆ اگر فاء کلمہ کے مقابلے میں حرف علت واؤ یا یاء ہو تو اس کو مثال کہتے ہیں

مثال کی دو قسمیں ہیں

(۱) مثال واوی (۲) مثال یائی

مثال واوی: وہ ہے جس کے فاء کلمہ کے مقابلے میں حرف علت واؤ ہو جیسے وَصَلَ بروزن فَعَلَ

مثال یائی: وہ ہے جس کے فاء کلمہ کے مقابلے میں حرف علت یاء ہو جیسے یَسَرَ بروزن فَعَلَ

☆ اگر عین کلمہ کے مقابلے میں حرف علت واؤ یا یاء ہو تو اس کو اجوف کہتے ہیں

اجوف کی دو قسمیں ہیں

(۱) اجوف واوی (۲) اجوف یائی

اجوف واوی: وہ ہے جسکے عین کلمہ کے مقابلے میں حرف علت واؤ ہو جیسے قَوَلَ بروزن فَعَلَ

اجوف یائی: وہ ہے جس کے عین کلمہ کے مقابلے میں حرف علت یاء ہو جیسے بَیَعَ بروزن فَعَلَ

Sub Topic 1.2	ہفت اقسام	Slide # 16	اصطلاحات	Topic 1.0

☆ اگر لام کلمہ کے مقابلے میں حرف علت واؤ یا یاء ہو تو اس کو ناقص کہتے ہیں

ناقص کی دو قسمیں ہیں

(۱) ناقص واوی (۲) ناقص یائی

ناقص واوی: وہ ہے جسکے لام کلمہ کے مقابلے میں حرف علت واؤ ہو جیسے دَعَوَ بروزن فَعَلَ

ناقص یائی: وہ ہے جس کے لام کلمہ کے مقابلے میں حرف علت یاء ہو جیسے رَمَیَ بروزن فَعَلَ

☆ اگر کسی لفظ میں دو حرف اصلی حرف علت ہوں تو اس کو لفیف کہتے ہیں

لفیف کی دو قسمیں ہیں

(۱) لفیف مفروق (۲) لفیف مقرون

لفیف مفروق: وہ ہے جسکے فاء اور لام کلمہ کے مقابلے میں حرف علت ہوں جیسے وَقَیَ بروزن فَعَلَ

لفیف مقرون: وہ ہے جس کے عین اور لام کلمہ کے مقابلے میں حرف علت ہوں جیسے طَوَیَ بروزن فَعَلَ

یا جس کے فاء اور عین کلمہ کے مقابلے میں حرف علت ہوں جیسے "وَیَلَ" بروزن "فَعَلَ"

☆اگر فاء، عین یا لام کلمہ کے مقابلے میں ہمزہ ہو تو اس کو مہموز کہتے ہیں

مہموز کی تین قسمیں ہیں

(۱) مہموز الفاء (۲) مہموز العین (۳) مہموز اللام

مہموز الفاء: وہ ہے جس کے فا ءکلمہ کے مقابلے میں ہمزہ ہو جیسے اَمَرَ بروزن فَعَلَ

مہموز العین: وہ ہے جس کے عین کلمہ کے مقابلے میں ہمزہ ہو جیسے سَئَلَ بروزن فَعَلَ

مہموز اللام: وہ ہے جس کے لام کلمہ کے مقابلے میں ہمزہ ہو جیسے قَرَءَ بروزن فَعَلَ

☆اگر کسی لفظ میں دو حرف اصلی ایک جنس کے ہوں اس کو مضاعف کہتے ہیں

مضاعف کی دو قسمیں ہیں

(۱) مضاعف ثلاثی (۲) مضاعف رباعی

مضاعف ثلاثی: وہ ہے جس کے عین اور لام کلمہ کے مقابلے میں دو حرف ایک جنس کے ہوں جیسے مَدَدَ بروزن فَعَلَ

مضاعف رباعی: وہ ہے جس کے فاء اور لام اوّل کے مقابلے میں یا عین اور لام ثانی کے مقابلے میں دو حرف ایک جنس کے ہوں جیسے زَحْزَحَ بروزن فَعْلَلَ

Sub Topic 1.2 ہفت اقسام Slide # 19 اصطلاحات Topic 1.0

نقشہ برائے سات اقسام

حرف اصلی	ف	ع	ل (اوّل)	ل (ثانی)	مثالیں
صحیح	ص	ب	ر		صَبَرَ
مثال واوی	و	ص	ل		وَصَلَ
مثال یائی	ی	س	ر		یَسَرَ
اجوف واوی	ق	و	ل		قَوَلَ
اجوف یائی	ب	ی	ع		بَیَعَ
ناقص واوی	د	ع	و		دَعَوَ
ناقص یائی	ر	م	ی		رَمَیَ
لفیف مفروق	و	ق	ی		وَقَیَ
لفیف مقرون	ط	و	ی		طَوَیَ
مہموز الفاء	ء	م	ر		اَمَرَ
مہموز العین	س	ء	ل		سَئَلَ
مہموز اللام	ق	ر	ء		قَرَأَ
مضاعف ثلاثی	م	د	د		مَدَدَ
مضاعف رباعی	ز	ل	ز	ل	زَلْزَلَ

Sub Topic 1.2 ہفت اقسام Slide # 20 اصطلاحات Topic 1.0

مدہ کی تعریف: مدہ ایسے حرف علت کو کہتے ہیں جو خود ساکن ہو اور اس کے ماقبل کی حرکت اس کے موافق ہو یاء کے موافق کسرہ ہے الف کے موافق فتحہ اور واؤ کے موافق ضمہ ہے۔ان تینوں کی مثال اُوْتِیْنَا

لین کی تعریف: لین ایسے حرف علت کو کہتے ہیں جو خود ساکن ہو اور اس کے ماقبل کی حرکت اس کے موافق نہ ہو جیسے ’’قَوْل‘‘، ’’بَیْع‘‘

التقائے ساکنین کی تعریف: التقا کا معنی ملنا ہے ساکنین ساکن کا تثنیہ ہے یعنی ملنا دو ساکنوں کا جیسے اِضْرِبُوا الْقَوْمَ (واؤ اور لام دو ساکن جمع ہوئے)

شاذ کی تعریف:

ضمہ اعرابی ونون اعرابی:

علامت تصغیر

امالہ کی تعریف

Slide # 22

TOPIC NO 2.0

فعل ماضی

Slide # 23 فعل ماضی Topic 2.0

SUB TOPIC 2.1

فعل ماضی معلوم بنانے کا طریقه

Sub Topic 2.1 فعل ماضی معلوم بنانیکا طریقہ	Slide # 24	فعل ماضی	Topic 2.0

فعل ماضی معلوم بنانے کا طریقہ

صیغہ	بناء
ضَرَبَ	کو ضَرْبًا سے بنایا حرف اول کو اپنے حال پر چھوڑا دوسرے حرف کو فتحہ دیا تنوین کو حذف کر کے ماضی کے آخری حرف کو مبنی بر فتحہ کر دیا تو ضَرْبًا سے ضَرَبَ بنگیا
ضَرَبَا	کو ضَرَبَ سے بنایا الف علامت تثنیہ و ضمیر فاعل کو آخر میں لائے تو ضَرَبَا ہو گیا۔
ضَرَبُوْا	کو ضَرَبَ سے بنایا واؤ ساکنہ علامت جمع مذکر و ضمیر فاعل کو آخر میں لائے اس کے ماقبل کو ضمہ دیا تو ضَرَبُوْا بن گیا
ضَرَبَتْ	کو ضَرَبَ سے بنایا "تْ" ساکنہ علامت تانیث کو آخر میں لائے تو ضَرَبَتْ ہو گیا

Sub Topic 2.1 فعل ماضی معلوم بنانیکا طریقہ	Slide # 25	فعل ماضی	Topic 2.0

ضَرَبَتَا	کو ضَرَبَتْ سے بنایا الف علامت تثنیہ و ضمیر فاعل کو آخر میں لائے تو اب ضَرَبَتْا ہوا اس حالت میں الف پڑھا نہیں جاتا اس لئے اس کے ماقبل کو فتحہ دیا تو ضَرَبَتَا بنگیا
ضَرَبْنَ	کو ضَرَبَتْ سے بنایا نون مفتوحہ علامت جمع مؤنث و ضمیر فاعل کو آخر میں لائے تو ضَرَبَتْنَ ہو گیا تانیث کی دو علامتیں فعل میں جمع ہو گئیں تو تانیث کی ایک علامت "تْ" ساکنہ کو حذف کر دیا تو ضَرَبَنَ ہو گیا اب چار حرکتیں مسلسل جمع ہو گئیں جو ممنوع ہیں اس لئے نون کے ماقبل کو ساکن کر دیا تو ضَرَبْنَ بن گیا
ضَرَبْتَ	کو ضَرَبَ سے بنایا "تَ" مفتوحہ علامت واحد مذکر مخاطب و ضمیر فاعل کو آخر میں لائے تو ضَرَبَتَ ہو گیا اب چار حرکتیں مسلسل جمع ہو گئیں جو ممنوع ہیں اس لئے "تَ" کے ماقبل کو ساکن کر دیا تو ضَرَبْتَ بن گیا

Sub Topic 2.1	فعل ماضی معلوم بنانیکا طریقہ	Slide # 26	فعل ماضی	Topic 2.0

ضَرَبْتُمَا	کوضَرَبْتَ سے بنایا الف علامت تثنیہ وضمیر فاعل کو آخر میں لائے تو ضَرَبْتَا ہوگیا اس کی مشابہت ہوگئی واحد مذکر مخاطب کے ساتھ جب کہ عرب والے اُس کو کھینچ کر پڑھیں فرق کرنے کیلئے درمیان میں میم لائے اور اس کے ماقبل کو ضمہ دیا تو ضَرَبْتُمَا بنگیا۔
ضَرَبْتُم	کوضَرَبْتَ سے بنایا واؤ ساکنہ علامت جمع مذکر وضمیر فاعل کو آخر میں لائے اور اس کے ماقبل کو ضمہ دیا تو ضَرَبْتُوا ہوگیا اس کی مشابہت ہوگئی واحد متکلّم کے ساتھ جب کہ عرب والے اس کو کھینچ کر پڑھیں تو فرق کرنے کیلئے ''تا'' اور ''واؤ'' کے درمیان میم مضمومہ لائے تو ضَرَبْتُمُوا ہوگیا ''واؤ'' واقع ہوئی اسم غیر متمکّن کے آخر میں اس کا ماقبل مضموم ہے اس لئے ''واؤ'' کو حذف کردیا تو ضَرَبْتُمُ ہوگیا اور وقف کی وجہ سے میم کو ساکن کردیا تو ضَرَبْتُم بنگیا
ضَرَبْتِ	کوضَرَبْتَ سے بنایا ''تَ'' کے فتحہ کو کسرہ کے ساتھ تبدیل کردیا تو ضَرَبْتِ بن گیا
ضَرَبْتُمَا	کوضَرَبْتَ سے بنایا اس کا بیان گزر چکا ہے

Sub Topic 2.1	فعل ماضی معلوم بنانیکا طریقہ	Slide # 27	فعل ماضی	Topic 2.0

ضَرَبْتُنَّ	کو ضَرَبْتِ سے بنایا نون مفتوحہ علامت جمع مؤنث وضمیر فاعل کو آخر میں لائے تو ضَرَبْتِنَ ہوگیا اور تثنیہ کی مناسبت سے جمع میں بھی میم لائے اس کے ماقبل کو ضمہ دیا تو ضَرَبْتُمْنَ ہوگیا میم اور نون قریب المخرج ہیں اس لئے میم کو نون کردیا اور نون کو نون میں ادغام کردیا تو ضَرَبْتُنَّ بن گیا
ضَرَبْتُ	کوضَرَبَ سے بنایا 'تُ' مضمومہ علامت واحد متکلّم وضمیر فاعل کو آخر میں لائے تو ضَرَبَتُ ہوگیا اب چار حرکتیں مسلسل جمع ہوگئیں جو ممنوع ہیں اس لئے ''تُ'' کے ماقبل کو ساکن کردیا تو ضَرَبْتُ بن گیا۔
ضَرَبْنَا	کوضَرَبْتُ سے بنایا ''نَا'' علامت جمع متکلّم وضمیر فاعل کو آخر میں لائے اور ''تُ'' کو حذف کردیا تو ضَرَبْنَا بن گیا

فعل ماضی کا کوڈ، دو، بارہ (۲ ، ۱۲) ہے

درج ذیل صیغوں میں ضمیر مستتر (چھپی) ہوتی ہے

واحد مذکر غائب		واحد مؤنث غائب	
فَعَلَ	هُوَ ضمیر مستتر	فَعَلَتْ	هِيَ ضمیر مستتر

ان بارہ (۱۲) صیغوں میں ضمیر بارز (ظاہر) ہوتی ہے

صیغہ	ترجمہ	علامت ضمیر بارز	صیغہ	ترجمہ	علامت ضمیر بارز
فَعَلَا	ان دومردوں نے کیا	ا	فَعَلْتُمْ	تم سب مردوں نے کیا	تُمْ
فَعَلُوْا	ان سب مردوں نے کیا	وْا	فَعَلْتِ	تو ایک عورت نے کیا	تِ
فَعَلَتَا	ان دوعورتوں نے کیا	ا	فَعَلْتُمَا	تم دوعورتوں نے کیا	تُمَا
فَعَلْنَ	ان سب عورتوں نے کیا	نَ	فَعَلْتُنَّ	تم سب عورتوں نے کیا	تُنَّ
فَعَلْتَ	تو ایک مرد نے کیا	تَ	فَعَلْتُ	میں ایک مرد یا عورت نے کیا	تُ
فَعَلْتُمَا	تم دومردوں نے کیا	تُمَا	فَعَلْنَا	ہم سب مردوں یا عورتوں نے کیا	نَا

مذکورہ علامات ہمیشہ فاعل بنتی ہیں اور ضمائر کہلاتی ہیں

گردان فعل ماضی معلوم

عَرَفَ	واحد مذکر غائب	پہچانا اس ایک مرد نے
عَرَفَا	تثنیہ // //	پہچانا ان دو مردوں نے
عَرَفُوْا	جمع // //	پہچانا ان سب مردوں نے
عَرَفَتْ	واحد مؤنث غائب	پہچانا اس ایک عورت نے
عَرَفَتَا	تثنیہ // //	پہچانا ان دو عورتوں نے
عَرَفْنَ	جمع // //	پہچانا ان سب عورتوں نے
عَرَفْتَ	واحد مذکر حاضر	پہچانا تو ایک مرد نے
عَرَفْتُمَا	تثنیہ // //	پہچانا تم دو مردوں نے
عَرَفْتُمْ	جمع // //	پہچانا تم سب مردوں نے
عَرَفْتِ	واحد مؤنث حاضر	پہچانا تو ایک عورت نے
عَرَفْتُمَا	تثنیہ // //	پہچانا تم دو عورتوں نے
عَرَفْتُنَّ	جمع // //	پہچانا تم سب عورتوں نے
عَرَفْتُ	واحد متکلّم (مشترک)	پہچانا میں ایک مرد یا ایک عورت نے
عَرَفْنَا	جمع متکلّم (مشترک)	پہچانا ہم سب مردوں یا ہم سب عورتوں نے

SUB TOPIC 2.2

فعل ماضی مجہول بنانے کا طریقہ

فعل ماضی مجہول بنانے کا طریقہ

ماضی مجہول کو ماضی معلوم سے اس طرح بناتے ہیں کہ حرف اوّل کو ضمہ دیں اور آخر کے ماقبل کو کسرہ دیں (جبکہ پہلے سے کسرہ موجود نہ ہو) اور آخر کو اپنے حال پر چھوڑ دیں باقی تمام متحرک حروف کو ضمہ دے دیں جیسے عَرَفَ سے عُرِفَ، اَکْرَمَ سے اُکْرِمَ، صَرَّفَ سے صُرِّفَ اِجْتَنَبَ سے اُجْتُنِبَ اسی طرح ضَارَبَ سے ضُوْرِبَ میں جب حرف اول کو ضمہ دیا تو الف کے ماقبل کی حرکت مخالف ہوگئی الف کو ماقبل کی حرکت کے موافق واؤ سے تبدیل کر دیا اس طرح تَضَارَبَ سے تُضُوْرِبَ ہے باقی صیغے بنانے کا قاعدہ وہی ہے جو ماضی معلوم کے بنانے کا قاعدہ ہے۔ یعنی تثنیہ میں الف بڑھا دیں گے اور جمع میں واؤ ماقبل مضموم بڑھائیں گے۔

گردان فعل ماضی مجہول

عُرِفَ	واحد مذکر غائب	پہچانا گیا وہ ایک مرد
عُرِفَا	تثنیہ // //	پہچانے گئے وہ دو مرد
عُرِفُوْا	جمع // //	پہچانے گئے وہ سب مرد
عُرِفَتْ	واحد مؤنث غائب	پہچانی گئی وہ ایک عورت
عُرِفَتَا	تثنیہ // //	پہچانی گئیں وہ دو عورتیں
عُرِفْنَ	جمع // //	پہچانی گئیں وہ سب عورتیں
عُرِفْتَ	واحد مذکر حاضر	پہچانا گیا تو ایک مرد
عُرِفْتُمَا	تثنیہ // //	پہچانے گئے تم دو مرد
عُرِفْتُمْ	جمع // //	پہچانے گئے تم سب مرد
عُرِفْتِ	واحد مؤنث حاضر	پہچانی گئی تو ایک عورت
عُرِفْتُمَا	تثنیہ // //	پہچانی گئیں تم دو عورتیں
عُرِفْتُنَّ	جمع // //	پہچانی گئیں تم سب عورتیں
عُرِفْتُ	واحد متکلّم (مشترک)	پہچانا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت
عُرِفْنَا	جمع متکلّم (مشترک)	پہچانے گئے ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں

Slide # 34

TOPIC NO 3.0

فعل مضارع

SUB TOPIC 3.1

فعل مضارع معلوم بنانے کا طریقہ

Sub Topic 3.1 فعل مضارع معلوم بنانیکا طریقہ | Slide # 36 | فعل مضارع | Topic 3.0

فعل مضارع معلوم بنانے کا طریقہ

مضارع معلوم کو ماضی معلوم سے بناتے ہیں اس کا قاعدہ یہ ہے کہ مضارع کی علامات چار حروف ہیں،الف، ت، ی، نون جن کا مجموعہ حروف ''اَ تَینُ'' ہے۔'ی'مضارع کے پہلے تین صیغوں جیسے یَضرِبُ یَضرِبَانِ یَضرِبُوْنَ میں اور جمع مؤنث غائب کے شروع جیسے یَضرِبْنَ میں اور واحد متکلّم کے شروع میں 'الف' جیسے اَضرِبُ،اور جمع متکلّم کے شروع میں 'نون' ہوتا ہے جیسے نَضرِبُ اور باقی تمام صیغوں کے شروع میں ''ت'' لگادیں ثلاثی مجرد کے ابواب کیلئے حروف ''اَتَینُ'' کو مفتوح کر کے شروع میں لائیں اور 'ف' کلمہ کو ساکن کردیں جیسے ضَرَبَ سے یَضرِبُ. مضارع میں دو صیغے مبنی ہیں یعنی کسی بھی صورت میں تبدیل نہیں

Sub Topic 3.1 فعل مضارع معلوم بنانیکا طریقہ | Slide # 37 | فعل مضارع | Topic 3.0

ہوتے جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث مخاطب باقی مضارع کے تمام صیغے معرب ہیں اور معرب ہونے کی دو نشانیاں ہیں ایک ضمہ اعرابی اور دوسرا نون اعرابی۔

پانچ صیغوں میں ضمہ اعرابی جیسے یَضرِبُ تَضرِبُ تَضرِبُ اَضرِبُ نَضرِبُ

اور سات صیغوں میں نون اعرابی ہوتا ہے۔پھر یہ 'نون' تثنیہ کے صیغوں میں مکسور ہوتا ہے جیسے یَضرِبَانِ تَضرِبَانِ تَضرِبَانِ تَضرِبَانِ اور باقی تمام صیغوں میں نون مفتوح ہوتا ہے

جیسے یَضرِبُوْنَ تَضرِبِیْنَ تَضرِبُوْنَ

اور کہیں عین کلمہ مضموم ہوگا جیسے یَنصُرُ اور کہیں مفتوح ہوگا جیسے یَعلَمُ اور کہیں مکسور ہوتا ہے جیسے یَضرِبُ .

مزید نقشے کی طرف غور کریں

ان پانچ صیغوں کے آخر میں پیش لگادو

واحد مذکر غائب	واحد مونث غائب	واحد مذکر حاضر	واحد متکلّم	جمع متکلّم
یَعرِفُ	تَعرِفُ	تَعرِفُ	اَعرِفُ	نَعرِفُ

سات صیغوں کے آخر میں نون اعرابی لگادو

تثنیہ کے چار صیغوں میں نون مکسور ہوتا ہے

یَعرِفَانِ	تَعرِفَانِ	تَعرِفَانِ	تَعرِفَانِ

دو صیغے جمع کے اور ایک صیغہ واحد کا ان میں نون مفتوح ہوتا ہے

یَعرِفُوْنَ	تَعرِفُوْنَ	تَعرِفِیْنَ

Sub Topic 3.1 | فعل مضارع معلوم بنانیکا طریقہ | Slide # 39 | فعل مضارع | Topic 3.0

’الف‘ واحد متکلّم کے شروع میں آئے گا ’ن‘ جمع متکلّم کے شروع میں آئے گا آٹھ صیغوں میں ’’ت‘‘ آئے گی۔ تین مذکر حاضر، تین مؤنث حاضر، دو مونث غائب۔ اور چار صیغوں میں ’’ی‘‘ آئے گی۔ تین مذکر غائب اور ایک جمع مؤنث غائب۔

فائدہ: جب ماضی چار حرفی ہو تو مضارع معلوم بناتے وقت حروف اتین کو ضمہ اور آخر کے ماقبل کو کسرہ دینا واجب ہے۔

یُکرِمُ تُکرِمُ اُکرِمُ نُکرِمُ کو اَکرَمَ سے بنایا شروع میں حروف اتین مضمومہ لگادیا اور آخر کے ماقبل کو کسرہ دیا اور آخر کو ضمہ دیا تو یُاَکرِمُ تُاَکرِمُ اُاَکرِمُ نُاَکرِمُ بن گئے اب واحد متکلّم میں دو ہمزے جمع ہو گئے یہ ناپسندیدہ ہے تو دوسرے ہمزے کو خلاف قانون حذف کردیا تو اُکرِمُ بن گیا باقی صیغوں میں بھی ہمزے کو گرادیا

فعل مضارع معلوم کی بناء

صیغہ	بناء
یَضْرِبُ تَضْرِبُ تَضْرِبُ اَضْرِبُ نَضْرِبُ	ان سب کو ضَرَبَ سے بنایا اس طرح کہ شروع میں حروف اَتَیْن مفتوح لگایا فاء کلمہ کو ساکن کیا عین کلمہ کو کسرہ دیا آخر میں ضمہ اعرابی لگایا تو ضَرَبَ سے یَضْرِبُ، تَضْرِبُ تَضْرِبُ، اَضْرِبُ، نَضْرِبُ بن گئے
یَضْرِبَانِ	کو یَضْرِبُ سے بنایا اس طرح کہ الف علامت تثنیہ و ضمیر فاعل ماقبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے تو یَضْرِبَا بن گیا پھر نون مکسورہ ضمہ اعرابی کے عوض آخر میں لائے تو یَضْرِبَانِ بن گیا

Sub Topic 3.1 فعل مضارع معلوم بنانیکا طریقہ Slide # 41 فعل مضارع Topic 3.0

صیغہ	بناء
یَضْرِبُوْنَ	کو یَضْرِبُ سے بنایا اس طرح کہ واؤ ساکنہ علامت جمع مذکر و ضمیر فاعل ماقبل کے ضمہ کے ساتھ آخر میں لائے تو یَضْرِبُوْا بن گیا پھر نون مفتوح ضمہ اعرابی کے عوض آخر میں لائے تو یَضْرِبُوْنَ بن گیا
تَضْرِبَانِ	اس کی بناء یَضْرِبَانِ کی طرح ہے
یَضْرِبْنَ	کو تَضْرِبُ سے بنایا اس طرح کہ تا کو یا سے تبدیل کیا اور آخر میں نون مفتوح علامت جمع مؤنث و ضمیر فاعل ماقبل کے سکون کے ساتھ لائے تو تَضْرِبُ سے یَضْرِبْنَ بن گیا
تَضْرِبُوْنَ	کی بناء یَضْرِبُوْنَ کی طرح ہے

تَضْرِبِیْنَ	کو تَضْرِبُ سے بنایا اس طرح کہ یا ساکنہ علامت تانیث وضمیر فاعل ماقبل کے کسرہ کے ساتھ آخر میں لائے تو تَضْرِبِیْ بن گیا پھر نون مفتوح ضمہ اعرابی کے عوض آخر میں لائے تو تَضْرِبُ سے تَضْرِبِیْنَ بن گیا
تَضْرِبْنَ	کو تَضْرِبِیْنَ سے بنایا اس طرح کہ یا اور نون کو گرادیا اس کی جگہ نون مفتوح علامت جمع مؤنث وضمیر فاعل ماقبل کے سکون کے ساتھ لائے تو تَضْرِبِیْنَ سے تَضْرِبْنَ بن گیا

نقشہ برائے علامات فعل مضارع

چار صیغوں میں ''ی'' آتی ہے			
یَعْرِفُ	واحد مذکر غائب	یَعْرِفُوْنَ	جمع مذکر غائب
یَعْرِفَانِ	تثنیہ مذکر غائب	یَعْرِفْنَ	جمع مؤنث غائب
آٹھ صیغوں میں ''ت'' آتی ہے			
تَعْرِفُ	واحد مؤنث غائب	تَعْرِفُوْنَ	جمع مذکر حاضر
تَعْرِفَانِ	تثنیہ مؤنث غائب	تَعْرِفِیْنَ	واحد مؤنث حاضر
تَعْرِفُ	واحد مذکر حاضر	تَعْرِفَانِ	تثنیہ مؤنث حاضر
تَعْرِفَانِ	تثنیہ مذکر حاضر	تَعْرِفْنَ	جمع مؤنث حاضر
دو صیغے متکلّم کے ہیں واحد میں ''الف'' اور جمع میں ''نون'' آتا ہے			
اَعْرِفُ	واحد متکلّم	نَعْرِفُ	جمع متکلّم

Sub Topic 3.1	فعل مضارع معلوم بنانے کا طریقہ	Slide # 44	فعل مضارع	Topic 3.0

گردان فعل مضارع معلوم

يَعْرِفُ	واحد مذکر غائب	پہچانتا ہے یا پہچانیگا وہ ایک مرد
يَعْرِفَانِ	تثنیہ // //	پہچانتے ہیں یا پہچانیں گے وہ دو مرد
يَعْرِفُوْنَ	جمع // //	پہچانتے ہیں یا پہچانیں گے وہ سب مرد
تَعْرِفُ	واحد مؤنث //	پہچانتی ہے یا پہچانے گی وہ ایک عورت
تَعْرِفَانِ	تثنیہ // //	پہچانتی ہیں یا پہچانیں گی وہ دو عورتیں
يَعْرِفْنَ	جمع // //	پہچانتی ہیں یا پہچانیں گی وہ سب عورتیں
تَعْرِفُ	واحد مذکر حاضر	پہچانتا ہے یا پہچانے گا تو ایک مرد
تَعْرِفَانِ	تثنیہ // //	پہچانتے ہو یا پہچانو گے تم دو مرد
تَعْرِفُوْنَ	جمع // //	پہچانتے ہو یا پہچانو گے تم سب مرد
تَعْرِفِيْنَ	واحد مؤنث حاضر	پہچانتی ہے یا پہچانے گی تو ایک عورت
تَعْرِفَانِ	تثنیہ // //	پہچانتی ہو یا پہچانو گی تم دو عورتیں
تَعْرِفْنَ	جمع // //	پہچانتی ہو یا پہچانو گی تم سب عورتیں
اَعْرِفُ	واحد متکلّم (مشترک)	پہچانتا ہوں یا پہچانوں گا میں ایک مرد یا ایک عورت
نَعْرِفُ	جمع متکلّم (مشترک)	پہچانتے ہیں یا پہچانیں گے ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں

Sub Topic 3.1	فعل مضارع معلوم بنانے کا طریقہ	Slide # 45	فعل مضارع	Topic 3.0

فعل مضارع کا کوڈ، دو، تین، نو، ہے (۲،۳،۹)

اِن دو صیغوں میں ضمیر مستتر ہوتی ہے اگر فاعل موجود نہ ہو

واحد مذکر غائب		واحد مؤنث غائب	
يَعْرِفُ	هُوَ	تَعْرِفُ	هِيَ

اِن تین صیغوں میں ہمیشہ ضمیر مستتر ہوتی ہے

واحد مذکر حاضر		واحد متکلّم		جمع متکلّم	
تَعْرِفُ	اَنْتَ	اَعْرِفُ	اَنَا	نَعْرِفُ	نَحْنُ

ان نوصیغوں میں ہمیشہ ضمیر ظاہر ہوتی ہے

یَعْرِفَانِ	تثنیہ مذکر غائب	تَعْرِفَانِ	تثنیہ مذکر حاضر
یَعْرِفُوْنَ	جمع مذکر غائب	تَعْرِفُوْنَ	جمع مذکر حاضر
تَعْرِفَانِ	تثنیہ مؤنث غائب	تَعْرِفِیْنَ	واحد مؤنث حاضر
یَعْرِفْنَ	جمع مؤنث غائب	تَعْرِفَانِ	تثنیہ مؤنث حاضر
تَعْرِفْنَ		جمع مؤنث حاضر	

SUB TOPIC 3.2

فعل مضارع مجہول بنانے کا طریقہ

فعل مضارع مجہول بنانے کا طریقہ

علامت مضارع کو پیش دے دو اگر پیش نہ ہو اور آخر کے ماقبل کو فتحہ دے دو اگر ماقبل مفتوح نہ ہو تو مضارع مجہول بن جائیگا

جیسے یَصْبِرُ سے یُصْبَرُ ، یُکْرِمُ سے یُکْرَمُ، یَعْلَمُ سے یُعْلَمُ

فائدہ

اگر مضارع مثبت سے مضارع منفی بنانا ہو تو مضارع مثبت کے شروع میں ’’لا‘‘ لگا دو تو مضارع منفی بن جائیگا مگر اعراب میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی جیسے

فعل مضارع	فعل نفی
یَعْرِفُ	لَایَعْرِفُ

گردان فعل مضارع مجہول

يُعرَفُ	واحد مذکر غائب	پہچانا جاتا ہے یا پہچانا جائیگا وہ ایک مرد
يُعرَفَان	تثنیہ // //	پہچانے جاتے ہیں یا پہچانے جائیں گے وہ دو مرد
يُعرَفُونَ	جمع // //	پہچانے جاتے ہیں یا پہچانے جائیں گے وہ سب مرد
تُعرَفُ	واحد مؤنث //	پہچانی جاتی ہے یا پہچانی جائیگی وہ ایک عورت
تُعرَفَان	تثنیہ // //	پہچانی جاتی ہیں یا پہچانی جائیں گی وہ دو عورتیں
يُعرَفنَ	جمع // //	پہچانی جاتی ہیں یا پہچانی جائیں گی وہ سب عورتیں
تُعرَفُ	واحد مذکر مخاطب	پہچانا جاتا ہے یا پہچانا جائیگا تو ایک مرد
تُعرَفَان	تثنیہ // //	پہچانے جاتے ہو یا پہچانے جاؤ گے تم دو مرد
تُعرَفُونَ	جمع // //	پہچانے جاتے ہو یا پہچانے جاؤ گے تم سب مرد
تُعرَفِينَ	واحد مؤنث //	پہچانی جاتی ہے یا پہچانی جائیگی تو ایک عورت
تُعرَفَان	تثنیہ // //	پہچانی جاتی ہو یا پہچانی جاؤ گی تم دو عورتیں
تُعرَفنَ	جمع // //	پہچانی جاتی ہو یا پہچانی جاؤ گی تم سب عورتیں
أُعرَفُ	واحد متکلّم (مشترک)	پہچانا جاتا ہوں یا پہچانا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت
نُعرَفُ	جمع متکلّم (مشترک)	پہچانے جاتے ہیں یا پہچانے جائیں گے ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں

SUB TOPIC 3.3

فعل جحد معلوم بنانے کا طریقہ

فعل جحد معلوم بنانے کا طریقہ

فعل جحد معلوم کو فعل مضارع معلوم سے بناتے ہیں

فعل مضارع پر ”لَمْ “ جازمہ لگا دو اور آخری حرف پر جزم دے دو جیسے یَصْبِرُ سے لَمْ یَصْبِرْ اور اگر آخر میں حرف علت ہو تو اسکو گرا دو جیسے یَدْعُوْ سے لَمْ یَدْعُ سات صیغوں سے نون اعرابی گرا دو۔

تثنیہ مذکر غائب	جمع مذکر غائب	تثنیہ مؤنث غائب	تثنیہ مذکر حاضر	جمع مذکر حاضر	واحد مؤنث حاضر	تثنیہ مؤنث حاضر
لَمْ یَعْرِفَا	لَمْ یَعْرِفُوْا	لَمْ تَعْرِفَا	لَمْ تَعْرِفَا	لَمْ تَعْرِفُوْا	لَمْ تَعْرِفِیْ	لَمْ تَعْرِفَا

دو صیغوں میں نون باقی رہنے دو یہ کسی حالت میں نہیں گرتے

جمع مؤنث غائب لَمْ یَعْرِفْنَ	جمع مؤنث حاضر لَمْ تَعْرِفْنَ

پانچ صیغوں سے ضمہ اعرابی گرا دو اور جزم لگا دو

واحد مذکر غائب	واحد مؤنث غائب	واحد مذکر حاضر	واحد متکلّم	جمع متکلّم
لَمْ یَعْرِفْ	لَمْ تَعْرِفْ	لَمْ تَعْرِفْ	لَمْ اَعْرِفْ	لَمْ نَعْرِفْ

Sub Topic 3.3	فعل جحد معلوم بنانے کا طریقہ	Slide # 52	فعل مضارع	Topic 3.0

معنوی تبدیلی

فعل جحد میں لفظی تبدیلی کی طرح معنوی تبدیلی بھی ہوتی ہے۔

حرف لَمۡ کا معنوی عمل یہ ہے کہ یہ مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ جیسے یَعۡرِفُ

(پہچانتا ہے یا پہچانے گا وہ ایک مرد) لَمۡ یَعۡرِفۡ (نہیں پہچانا اس ایک مرد نے)

لفظی تبدیلی کی مثال۔ یَعۡرِفُ سے لَمۡ یَعۡرِفۡ

معنوی تبدیلی کی مثال۔ یَعۡرِفُ سے لَمۡ یَعۡرِفۡ بمعنی مَا عَرَفَ

ترجمہ ماضی معلوم	ترجمہ جحد معلوم
پہچانا اُس ایک مرد نے	نہیں پہچانا اُس ایک مرد نے

Sub Topic 3.3	فعل جحد معلوم بنانے کا طریقہ	Slide # 53	فعل مضارع	Topic 3.0

گردان فعل جحد معلوم

لَمۡ یَعۡرِفۡ	واحد مذکر غائب	نہیں پہچانا اس ایک مرد نے
لَمۡ یَعۡرِفَا	تثنیہ مذکر غائب	نہیں پہچانا ان دو مردوں نے
لَمۡ یَعۡرِفُوۡا	جمع مذکر غائب	نہیں پہچانا ان سب مردوں نے
لَمۡ تَعۡرِفۡ	واحد مونث غائب	نہیں پہچانا اس ایک عورت نے
لَمۡ تَعۡرِفَا	تثنیہ مونث غائب	نہیں پہچانا ان دو عورتوں نے
لَمۡ یَعۡرِفۡنَ	جمع مونث غائب	نہیں پہچانا ان سب عورتوں نے
لَمۡ تَعۡرِفۡ	واحد مذکر مخاطب	نہیں پہچانا تو ایک مرد نے
لَمۡ تَعۡرِفَا	تثنیہ مذکر مخاطب	نہیں پہچانا تم دو مردوں نے
لَمۡ تَعۡرِفُوۡا	جمع مذکر مخاطب	نہیں پہچانا تم سب مردوں نے
لَمۡ تَعۡرِفِیۡ	واحد مونث مخاطب	نہیں پہچانا تو ایک عورت نے
لَمۡ تَعۡرِفَا	تثنیہ مونث مخاطب	نہیں پہچانا تم دو عورتوں نے
لَمۡ تَعۡرِفۡنَ	جمع مونث مخاطب	نہیں پہچانا تم سب عورتوں نے
لَمۡ اَعۡرِفۡ	واحد متکلّم (مشترک)	نہیں پہچانا میں ایک مرد یا ایک عورت نے
لَمۡ نَعۡرِفۡ	جمع متکلّم (مشترک)	نہیں پہچانا ہم سب مرد یا ہم سب عورتوں نے

SUB TOPIC 3.4

فعل جحد مجہول بنانے کا طریقہ

فعل جحد مجہول بنانے کا قاعدہ

فعل جحد مجہول کو فعل مضارع مجہول سے تیار کیا ''لَمْ'' جازمہ شروع میں لے آئے پانچ صیغوں سے ضمہ

اعرابی گرادیا اور سات صیغوں سے نون اعرابی گرادیا۔

مثال: یُعْرَفُ سے لَمْ یُعْرَفْ ہوگیا

نوٹ: آپ مکمّل وضاحت جحد معلوم میں پڑھ چکے ہیں۔

گردان فعل جحد مجہول

لَمْ يُعْرَفْ	واحد مذکر غائب	نہیں پہچانا گیا وہ ایک مرد
لَمْ يُعْرَفَا	تثنیہ مذکر غائب	نہیں پہچانے گئے وہ دو مرد
لَمْ يُعْرَفُوْا	جمع مذکر غائب	نہیں پہچانے گئے وہ سب مرد
لَمْ تُعْرَفْ	واحد مونث غائب	نہیں پہچانی گئی وہ ایک عورت
لَمْ تُعْرَفَا	تثنیہ مونث غائب	نہیں پہچانی گئیں وہ دو عورتیں
لَمْ يُعْرَفْنَ	جمع مونث غائب	نہیں پہچانی گئیں وہ سب عورتیں
لَمْ تُعْرَفْ	واحد مذکر مخاطب	نہیں پہچانا گیا تو ایک مرد
لَمْ تُعْرَفَا	تثنیہ مذکر مخاطب	نہیں پہچانے گئے تم دو مرد
لَمْ تُعْرَفُوْا	جمع مذکر مخاطب	نہیں پہچانے گئے تم سب مرد
لَمْ تُعْرَفِيْ	واحد مونث مخاطب	نہیں پہچانی گئی تو ایک عورت
لَمْ تُعْرَفَا	تثنیہ مونث مخاطب	نہیں پہچانی گئیں تم دو عورتیں
لَمْ تُعْرَفْنَ	جمع مونث مخاطب	نہیں پہچانی گئیں تم سب عورتیں
لَمْ اُعْرَفْ	واحد متکلّم (مشترک)	نہیں پہچانا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت
لَمْ نُعْرَفْ	جمع متکلّم (مشترک)	نہیں پہچانے گئے ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں

SUB TOPIC 3.5

فعل نفی معلوم بنانے کا طریقه

فعل نفی معلوم بنانے کا طریقہ

فعل مضارع معلوم کے شروع میں "لَا نافیہ" لگا دو تو فعل نفی معلوم بن جائے گا۔

جیسے یَعْرِفُ سے لَا یَعْرِفُ اور یَنْصُرُ سے لَا یَنْصُرُ

جیسے یَمْنَعُ سے لَا یَمْنَعُ اور یَحْسِبُ سے لَا یَحْسِبُ

معنوی تبدیلی

شروع میں لَا آنے کی وجہ سے لفظوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی لیکن معنی میں نفی پیدا ہوگئی۔

جیسے یَصْبِرُ سے لَا یَصْبِرُ

ترجمہ فعل مضارع معلوم	ترجمہ فعل نفی معلوم
صبر کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد	صبر نہیں کرتا یا نہیں کرے گا وہ ایک مرد

SUB TOPIC 3.6

گردان فعل نفی معلوم

گردان فعل نفی معلوم

لَایَعْرِفُ	واحد مذکر غائب	نہیں پہچانتا ہے یا نہیں پہچانے گا وہ ایک مرد
لَایَعْرِفَانِ	تثنیہ // //	نہیں پہچانتے ہیں یا نہیں پہچانیں گے وہ دو مرد
لَایَعْرِفُوْنَ	جمع // //	نہیں پہچانتے ہیں یا نہیں پہچانیں گے وہ سب مرد
لَاتَعْرِفُ	واحد مؤنث //	نہیں پہچانتی ہے یا نہیں پہچانے گی وہ ایک عورت
لَاتَعْرِفَانِ	تثنیہ // //	نہیں پہچانتی ہیں یا نہیں پہچانیں گی وہ دو عورتیں
لَایَعْرِفْنَ	جمع // //	نہیں پہچانتی ہیں یا نہیں پہچانیں گی وہ سب عورتیں
لَاتَعْرِفُ	واحد مذکر مخاطب	نہیں پہچانتا ہے یا نہیں پہچانے گا تو ایک مرد
لَاتَعْرِفَانِ	تثنیہ // //	نہیں پہچانتے ہو یا نہیں پہچانو گے تم دو مرد
لَاتَعْرِفُوْنَ	جمع // //	نہیں پہچانتے ہو یا نہیں پہچانو گے تم سب مرد
لَاتَعْرِفِیْنَ	واحد مؤنث مخاطب	نہیں پہچانتی ہے یا نہیں پہچانے گی تو ایک عورت
لَاتَعْرِفَانِ	تثنیہ // //	نہیں پہچانتی ہو یا نہیں پہچانو گی تم دو عورتیں
لَاتَعْرِفْنَ	جمع // //	نہیں پہچانتی ہو یا نہیں پہچانو گی تم سب عورتیں
لَااَعْرِفُ	واحد متکلّم (مشترک)	نہیں پہچانتا ہوں یا نہیں پہچانوں گا میں ایک مرد یا ایک عورت
لَانَعْرِفُ	جمع متکلّم (مشترک)	نہیں پہچانتے ہیں یا نہیں پہچانیں گے ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں

SUB TOPIC 3.7

فعل نفی مجہول بنانے کا طریقہ

فعل نفی مجہول بنانے کا قاعدہ

فعل مضارع مجہول کے شروع میں "لَا نافیہ" لگا دو تو فعل نفی مجہول بن جائے گا۔
جیسے یُعْرَفُ سے لَا یُعْرَفُ اور یُصْبَرُ سے لَا یُصْبَرُ اور یُنْصَرُ سے لَا یُنْصَرُ
یُمْنَعُ سے لَا یُمْنَعُ اور یُحْسَبُ سے لَا یُحْسَبُ

معنوی تبدیلی

شروع میں لَا آنے کی وجہ سے لفظوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی لیکن معنی میں نفی پیدا ہوگئی۔

یُصْبَرُ سے لَا یُصْبَرُ

ترجمہ فعل مضارع مجہول	ترجمہ فعل نفی مجہول
صبر کیا جاتا ہے یا صبر کیا جائیگا وہ ایک مرد	نہیں صبر کیا جاتا یا نہیں صبر کیا جائیگا وہ ایک مرد

گردان فعل نفی مجہول

لَایُعْرَفُ	واحد مذکر غائب	نہیں پہچانا جاتا ہے یا نہیں پہچانا جایئگا وہ ایک مرد
لَایُعْرَفَانِ	تثنیہ // //	نہیں پہچانے جاتے ہیں یا نہیں پہچانے جائینگے وہ دو مرد
لَایُعْرَفُوْنَ	جمع // //	نہیں پہچانے جاتے ہیں یا نہیں پہچانے جائینگے وہ سب مرد
لَاتُعْرَفُ	واحد مؤنث //	نہیں پہچانی جاتی ہے یا نہیں پہچانی جائیگی وہ ایک عورت
لَاتُعْرَفَانِ	تثنیہ // //	نہیں پہچانی جاتی ہیں یا نہیں پہچانی جائینگی وہ دو عورتیں
لَایُعْرَفْنَ	جمع // //	نہیں پہچانی جاتی ہیں یا نہیں پہچانی جائینگی وہ سب عورتیں
لَاتُعْرَفُ	واحد مذکر مخاطب	نہیں پہچانا جاتا ہے یا نہیں پہچانا جایئگا تو ایک مرد
لَاتُعْرَفَانِ	تثنیہ // //	نہیں پہچانے جاتے ہو یا نہیں پہچانے جاؤ گے تم دو مرد
لَاتُعْرَفُوْنَ	جمع // //	نہیں پہچانے جاتے ہو یا نہیں پہچانے جاؤ گے تم سب مرد
لَاتُعْرَفِیْنَ	واحد مؤنث //	نہیں پہچانی جاتی ہے یا نہیں پہچانی جائیگی تو ایک عورت
لَاتُعْرَفَانِ	تثنیہ // //	نہیں پہچانی جاتی ہو یا نہیں پہچانی جاؤ گی تم دو عورتیں
لَاتُعْرَفْنَ	جمع // //	نہیں پہچانی جاتی ہو یا نہیں پہچانی جاؤ گی تم سب عورتیں
لَااُعْرَفُ	واحد متکلّم (مشترک)	نہیں پہچانا جاتا ہوں یا نہیں پہچانا جاؤ نگا میں ایک مرد یا ایک عورت
لَانُعْرَفُ	جمع متکلّم (مشترک)	نہیں پہچانے جاتے ہیں یا نہیں پہچانے جائیں گے ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں

SUB TOPIC 3.8

فعل نفی معلوم مؤکد بالَن ناصبہ بنانے کا طریقہ

فعل نفی معلوم مؤکد بالن ناصبہ بنانے کا طریقہ اور لفظی، معنوی تبدیلی

لفظی تبدیلی: مضارع معلوم کے شروع میں حرف لَنْ ناصبہ نافیہ تاکید یہ لگا دو علامت نصبی کی وجہ سے پانچ صیغوں سے ضمہ اعرابی گرا کر نصب دے دو، سات صیغوں سے نون اعرابی گرا دو اور دو صیغوں سے کچھ نہ گراؤ کیونکہ وہ مبنی ہیں

پانچ صیغوں سے ضمہ اعرابی گرا کر نصب دے دو

لَنْ يَّعْرِفَ	لَنْ تَعْرِفَ	لَنْ تَعْرِفَ	لَنْ اَعْرِفَ	لَنْ نَّعْرِفَ

Sub Topic 3.8	فعل معلوم مؤکد بالن بنانے کا طریقہ	Slide # 66	فعل مضارع	Topic 3.0

سات صیغوں سے نون اعرابی گرادو

لَنْ يَّعْرِفَا	لَنْ يَّعْرِفُوْا	لَنْ تَعْرِفَا	لَنْ تَعْرِفَا	لَنْ تَعْرِفُوْا	لَنْ تَعْرِفِيْ	لَنْ تَعْرِفَا

(دو) صیغوں میں نون ہمیشہ اپنی حالت پر رہتا ہے

لَنْ يَّعْرِفْنَ ﴿جمع مؤنث غائب﴾	لَنْ تَعْرِفْنَ ﴿جمع مؤنث حاضر﴾

معنوی تبدیلی: یہ ہے کہ فعل مضارع کو خاص مستقبل نفی کے معنی میں کر دیتا ہے

جیسے لَنْ يَّعْرِفَ ہرگز نہیں پہچانے گا وہ ایک مرد زمانہ مستقبل میں

Sub Topic 3.8	فعل معلوم مؤکد بالن بنانے کا طریقہ	Slide # 67	فعل مضارع	Topic 3.0

گردان فعل نفی معلوم موکد بالن ناصبہ نافیہ تاکیدیہ

لَنْ يَّعْرِفَ	واحد مذکر غائب	ہرگز نہیں پہچانے گا وہ ایک مرد
لَنْ يَّعْرِفَا	تثنیہ // //	ہرگز نہیں پہچانیں گے وہ دو مرد
لَنْ يَّعْرِفُوْا	جمع // //	ہرگز نہیں پہچانیں گے وہ سب مرد
لَنْ تَعْرِفَ	واحد مونث غائب	ہرگز نہیں پہچانے گی وہ ایک عورت
لَنْ تَعْرِفَا	تثنیہ // //	ہرگز نہیں پہچانیں گی وہ دو عورتیں
لَنْ يَّعْرِفْنَ	جمع // //	ہرگز نہیں پہچانیں گی وہ سب عورتیں
لَنْ تَعْرِفَ	واحد مذکر مخاطب	ہرگز نہیں پہچانے گا تو ایک مرد
لَنْ تَعْرِفَا	تثنیہ // //	ہرگز نہیں پہچانو گے تم دو مرد
لَنْ تَعْرِفُوْا	جمع // //	ہرگز نہیں پہچانو گے تم سب مرد
لَنْ تَعْرِفِيْ	واحد مونث مخاطب	ہرگز نہیں پہچانے گی تو ایک عورت
لَنْ تَعْرِفَا	تثنیہ // //	ہرگز نہیں پہچانو گی تم دو عورتیں
لَنْ تَعْرِفْنَ	جمع // //	ہرگز نہیں پہچانو گی تم سب عورتیں
لَنْ اَعْرِفَ	واحد متکلّم (مشترک)	ہرگز نہیں پہچانوں گا میں ایک مرد یا ایک عورت
لَنْ نَّعْرِفَ	جمع متکلّم (مشترک)	ہرگز نہیں پہچانیں گے ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں

SUB TOPIC 3.9

فعل نفی مجهول مؤکد بالن ناصبہ بنانے کا طریقہ

فعل نفی مجہول مؤکد بالن ناصبہ بنانے کا طریقہ اور لفظی، معنوی تبدیلی

لفظی تبدیلی: مضارع مجہول کے شروع میں حرف لَنْ ناصبہ نافیہ تاکید یہ لگا دو علامت نصبی کی وجہ سے پانچ صیغوں سے ضمہ اعرابی گرا کر نصب دے دو اور سات صیغوں سے نون اعرابی گرا دو اور دو صیغوں سے کچھ نہ گراؤ کیونکہ وہ مبنی ہیں

پانچ صیغوں سے ضمہ اعرابی گرا کر نصب دے دو

لَنْ يُّعْرَفَ	لَنْ تُعْرَفَ	لَنْ تُعْرَفَ	لَنْ اُعْرَفَ	لَنْ نُّعْرَفَ

سات صیغوں سے نون اعرابی گرادو

لَنْ يُّعْرَفَا	لَنْ يُّعْرَفُوْا	لَنْ تُعْرَفَا	لَنْ تُعْرَفَا	لَنْ تُعْرَفُوْا	لَنْ تُعْرَفِي	لَنْ تُعْرَفَا

دو صیغوں میں نون ہمیشہ اپنی حالت پر رہتا ہے

لَنْ يُّعْرَفْنَ ﴿جمع مؤنث غائب﴾	لَنْ تُعْرَفْنَ ﴿جمع مؤنث حاضر﴾

معنوی تبدیلی:۔ یہ ہے کہ فعل مضارع کو خاص مستقبل نفی کے معنی میں کر دیتا ہے

لَنْ يُّعْرَفَ	ہرگز نہیں پہچانا جائے گا وہ ایک مرد زمانہ مستقبل میں

گردان فعل نفی مجہول موکد بالن ناصبہ نافیہ تاکیدیہ

لَنْ يُّعْرَفَ	واحد مذکر غائب	ہرگز نہیں پہچانا جائے گا وہ ایک مرد
لَنْ يُّعْرَفَا	تثنیہ // //	ہرگز نہیں پہچانے جائیں گے وہ دو مرد
لَنْ يُّعْرَفُوْا	جمع // //	ہرگز نہیں پہچانے جائیں گے وہ سب مرد
لَنْ تُعْرَفَ	واحد مونث غائب	ہرگز نہیں پہچانی جائے گی وہ ایک عورت
لَنْ تُعْرَفَا	تثنیہ // //	ہرگز نہیں پہچانی جائیں گی وہ دو عورتیں
لَنْ يُّعْرَفْنَ	جمع // //	ہرگز نہیں پہچانی جائیں گی وہ سب عورتیں
لَنْ تُعْرَفَ	واحد مذکر مخاطب	ہرگز نہیں پہچانا جائے گا تو ایک مرد
لَنْ تُعْرَفَا	تثنیہ // //	ہرگز نہیں پہچانے جاؤ گے تم دو مرد
لَنْ تُعْرَفُوْا	جمع // //	ہرگز نہیں پہچانے جاؤ گے تم سب مرد
لَنْ تُعْرَفِيْ	واحد مونث مخاطب	ہرگز نہیں پہچانی جائے گی تو ایک عورت
لَنْ تُعْرَفَا	تثنیہ // //	ہرگز نہیں پہچانی جاؤ گی تم دو عورتیں
لَنْ تُعْرَفْنَ	جمع // //	ہرگز نہیں پہچانی جاؤ گی تم سب عورتیں
لَنْ اُعْرَفَ	واحد متکلّم (مشترک)	ہرگز نہیں پہچانا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت
لَنْ نُّعْرَفَ	جمع متکلّم (مشترک)	ہرگز نہیں پہچانے جائینگے ہم سب مرد یا سب عورتیں

Slide # 72

TOPIC NO 4.0

فعل امر

Slide # 73 فعل امر Topic 4.0

SUB TOPIC 4.1

فعل امر حاضر معلوم بنانے کا طریقہ

فعل امر حاضر معلوم بنانے کا طریقہ

امر حاضر معلوم کو مضارع معلوم کے مخاطب کے صیغوں سے بنایا جاتا ہے اس طرح کہ مضارع کے حاضر کے صیغوں سے علامت مضارع کو حذف کردو اب اگر پہلا حرف ساکن ہو اور عین کلمہ مضموم ہو تو شروع میں ہمزہ مضمومہ لے آؤ اور اگر عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہو تو شروع میں ہمزہ مکسورہ لے آؤ اور آخر پر وقف کردو اور وقف کی وجہ سے ایک صیغے سے ضمہ اعرابی گر گیا اور وہاں جزم آگئی اور چار صیغوں سے ''نون'' اعرابی گر گیا اور ایک صیغے سے کچھ نہیں گرا کیونکہ وہ مبنی ہے

عین کلمہ مضموم کی مثال جیسے اُنْصُرْ کو تَنْصُرُ سے بنایا 'ت' حرف مضارعت کو حذف کیا اسکے بعد والا حرف ساکن ہے اور عین کلمہ مضموم ہے اس لئے شروع میں ہمزہ مضموم لائے آخری حرف پر وقف کردیا تو تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ ہو گیا۔

عین کلمہ مفتوح کی مثال جیسے اِعْلَمْ کو تَعْلَمُ سے بنایا 'ت' حرف مضارعت کو حذف کیا اس کے بعد والا حرف ساکن ہے اور عین کلمہ مفتوح ہے اس لئے شروع میں ہمزہ مکسورہ لائے اور آخری حرف پر وقف کردیا تو تَعْلَمُ سے اِعْلَمْ ہو گیا۔

عین کلمہ مکسور کی مثال جیسے اِضْرِبْ کو تَضْرِبُ سے بنایا 'ت' حرف مضارعت کو حذف کردیا اس کے بعد والا حرف ساکن ہے اور عین کلمہ مکسور ہے اس لئے شروع میں ہمزہ مکسور لائے آخر پر وقف کردیا تو تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ ہو گیا

اگر امر کے آخر میں حرف علت ہو تو اس کو حذف کردیں

جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ. تَرْمِيْ سے اِرْمِ. تَرْضٰى سے اِرْضَ

فعل امرحاضرمعلوم کی بناء

صیغہ	بناء
اِضْرِبْ	کوتَضْرِبُ سے بنایااس طرح کہ تاعلامت مضارع کوگرادیا،اس کے بعد والاحرف ساکن اورعین کلمہ مکسور ہےاس لئے شروع میں ہمزہ مکسورلائے اور آخر پروقف کیاتوتَضْرِبُ سےاِضْرِبْ بن گیا۔
اِضْرِبَا	کوتَضْرِبَان سے بنایااس طرح کہ تاعلامت مضارع کوگرادیا،اس کے بعد والاحرف ساکن اورعین کلمہ مکسور ہےاس لئے شروع میں ہمزہ مکسورلائے اور آخر سےنون اعرابی گرادیاتوتَضْرِبَان سےاِضْرِبَا بن گیا۔
اِضْرِبُوْا	کوتَضْرِبُوْنَ سے بنایااس طرح کہ تاءعلامت مضارع کوگرادیااس کے بعدوالا حرف ساکن اورعین کلمہ مکسور ہےاس لئے شروع میں ہمزہ مکسورلائے اور آخر سے نون اعرابی گرادیاتوتَضْرِبُوْنَ سےاِضْرِبُوْا بن گیا۔

صیغہ	بناء
اِضْرِبِیْ	کوتَضْرِبِیْنَ سے بنایااس طرح کہ تاءعلامت مضارع کوگرادیا،اس کے بعد والاحرف ساکن اورعین کلمہ مکسور ہے،اس لئے شروع میں ہمزہ مکسور لائے اور آخر سےنون اعرابی گرادیاتوتَضْرِبِیْنَ سےاِضْرِبِیْ بن گیا۔
اِضْرِبَا	کوتَضْرِبَان سے بنایااس طرح کہ تاءعلامت مضارع کوگرادیا،اس کے بعد والاحرف ساکن اورعین کلمہ مکسور ہے،اس لئے شروع میں ہمزہ مکسور لائے اور آخر سےنون اعرابی گرادیاتوتَضْرِبَان سےاِضْرِبَا بن گیا۔
اِضْرِبْنَ	کوتَضْرِبْنَ سے بنایااس طرح کہ تاءعلامت مضارع کوگرادیا،اس کے بعد والاحرف ساکن اورعین کلمہ مکسور ہے،اس لئے شروع میں ہمزہ مکسور لائے تو تَضْرِبْنَ سےاِضْرِبْنَ بن گیا۔

بناء فعل امر حاضر معلوم با نون تاکید ثقیلہ

صیغہ	بناء
اِضْرِبَنَّ	کو اِضْـــــرِبْ سے بنایا اس طرح کہ آخر میں نون ثقیلہ مفتوح ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لگایا تو اِضْرِبْ سے اِضْرِبَنَّ بن گیا
اِضْرِبَآنِّ	کو اِضْرِبَا سے بنایا اس طرح کہ آخر میں نون ثقیلہ مکسور لگایا تو اِضْرِبَا سے اِضْرِبَآنِّ بن گیا
اِضْرِبُنَّ	کو اِضْرِبُوْا سے بنایا اس طرح کہ آخر میں نون ثقیلہ مفتوح لگایا تو اِضْرِبُوْنَّ ہو گیا، واؤ اور نون دو ساکن جمع ہو گئے، واؤ کو گرا دیا تو اِضْرِبُنَّ بن گیا

صیغہ	بناء
اِضْرِبِنَّ	کو اِضْرِبِیْ سے بنایا اس طرح کہ آخر میں نون ثقیلہ مفتوح لگایا تو اِضْرِبِیْنَّ ہو گیا، یا اور نون دو ساکن جمع ہو گئے، یا کو گرا دیا تو اِضْرِبِنَّ بن گیا۔
اِضْرِبَآنِّ	کو اِضْرِبَا سے بنایا اس طرح کہ آخر میں نون ثقیلہ مکسور لگایا تو اِضْرِبَا سے اِضْرِبَآنِّ بن گیا
اِضْرِبْنَآنِّ	کو اِضْـرِبْنَ سے بنایا اس طرح کہ آخر میں نون ثقیلہ مفتوح لگایا تو اِضْـرِبْنَنَّ ہو گیا تین نون جمع ہو گئے یہ کلام عرب میں ناپسند ہے اس لئے درمیان میں الف لگایا تو اِضْرِبْنَانَّ ہو گیا، پھر نون کے فتحہ کو کسرہ سے تبدیل کیا تو اِضْرِبْنَآنِّ بن گیا

بناء فعل امر حاضر معلوم با نون تاکید خفیفہ

صیغہ	بناء
اِضْرِبَنْ	کو اِضْرِبْ سے بنایا اس طرح کہ آخر میں نون خفیفہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لگایا تو اِضْرِبْ سے اِضْرِبَنْ بن گیا
اِضْرِبُنْ	کو اِضْرِبُوْا سے بنایا اس طرح کہ آخر میں نون خفیفہ لگایا تو اِضْرِبُوْنْ ہو گیا، واؤ اور نون دو ساکن جمع ہو گئے، واؤ کو گرا دیا تو اِضْرِبُنْ بن گیا
اِضْرِبِنْ	کو اِضْرِبِیْ سے بنایا اس طرح کہ آخر میں نون خفیفہ لگایا تو اِضْرِبِیْنْ ہو گیا، یا اور نون دو ساکن جمع ہو گئے، یا کو گرا دیا تو اِضْرِبِنْ بن گیا۔

اگر علامت مضارع کو گرا دینے کے بعد پہلا حرف متحرک ہو تو آخر پر وقف کر دو اس کی مثال جیسے صَرِّفْ کو تُصَرِّفُ سے بنایا اس طرح کہ تاء حرف مضارعت کو گرا دیا اس کے بعد والا حرف متحرک ہے اس لئے آخری حرف پر وقف کیا تو تُصَرِّفُ سے صَرِّفْ ہو گیا

باب افعال کا امر حاضر معلوم اس کے اصل تُاَکْرِمُ سے تیار ہوتا ہے اس طرح کہ تُاَکْرِمُ سے 'تُ' حرف مضارعت کو حذف کر دیا اس کے بعد والا حرف متحرک ہے آخر پر وقف کر دیا تو اَکْرِمْ بن گیا۔

Sub Topic 4.1	فعل امر حاضر معلوم بنانیکا طریقہ	Slide # 82	فعل امر	Topic 4.0

غور کیجئے

اگر مضارع کا عین کلمہ مضموم ہے تو شروع میں ہمزہ وصلی بھی مضموم ہوگا

جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ اور تَشْرُفُ سے اُشْرُفْ

اگر مضارع کا عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہو تو ہمزہ وصلی مکسور ہوگا

جیسے تَعْرِفُ سے اِعْرِفْ اور تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ اور تَفْتَحُ سے اِفْتَحْ

اگر آخر میں حرف علت ہے تو وقف کی وجہ سے گر جائیگا

جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ اور تَخْشٰی سے اِخْشَ

Sub Topic 4.1	فعل امر حاضر معلوم بنانیکا طریقہ	Slide # 83	فعل امر	Topic 4.0

گردان فعل امر حاضر معلوم

اِعْرِفْ	واحد مذکر حاضر	پہچان تو ایک مرد
اِعْرِفَا	تثنیہ مذکر حاضر	پہچانو تم دو مرد
اِعْرِفُوْا	جمع مذکر حاضر	پہچانو تم سب مرد
اِعْرِفِیْ	واحد مونث حاضر	پہچان تو ایک عورت
اِعْرِفَا	تثنیہ مؤنث حاضر	پہچانو تم دو عورتیں
اِعْرِفْنَ	جمع مؤنث حاضر	پہچانو تم سب عورتیں

فعل امر حاضر معلوم با نون تاکید ثقیلہ

اِعْرِفَنَّ	واحد مذکر حاضر	ضرور بالضرور پہچان تو ایک مرد
اِعْرِفَآنِّ	تثنیہ مذکر حاضر	ضرور بالضرور پہچانو تم دو مرد
اِعْرِفُنَّ	جمع مذکر حاضر	ضرور بالضرور پہچانو تم سب مرد
اِعْرِفِنَّ	واحد مؤنث حاضر	ضرور بالضرور پہچان تو ایک عورت
اِعْرِفَآنِّ	تثنیہ مؤنث حاضر	ضرور بالضرور پہچانو تم دو عورتیں
اِعْرِفْنَآنِّ	جمع مؤنث حاضر	ضرور بالضرور پہچانو تم سب عورتیں

فعل امر حاضر معلوم با نون تاکید خفیفہ

اِعْرِفَنْ	واحد مذکر حاضر	ضرور پہچان تو ایک مرد
اِعْرِفُنْ	جمع مذکر حاضر	ضرور پہچانو تم سب مرد
اِعْرِفِنْ	واحد مؤنث حاضر	ضرور پہچان تو ایک عورت

SUB TOPIC 4.2

امر حاضر مجہول بنانے کا طریقہ

فعل امر حاضر مجہول بنانے کا طریقہ

صیغہ	بناء
لِتُضْرَبْ	کو تُضْرَبُ سے بنایا اس طرح کہ شروع میں لام امر جازم مکسور لگایا، اس نے آخری حرف کو جزم دی تو تُضْرَبُ سے لِتُضْرَبْ بن گیا۔
